**2024-06-21**

**Hrs 08.30**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ارجمند علی خاں

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 آج دنیا بھر میں یوگ کا دسواں بین الاقوامی دن منایا جارہا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے جموں کشمیر میں سری نگر سے تقریبات کی قیادت کی۔

2 بنگلہ دیش کی وزیر اعظم شیخ حسینہ بھارت کے دو دن کے دورے پر آج نئی دلی پہنچ رہی ہیں۔

3 CBI نے UGC NET امتحان کے سلسلے میں کیس درج کیا ہے۔

4 سرکار کمرشل کوئلہ کانوں کی نیلامی کا دسواں مرحلہ آج سے شروع کررہی ہے۔

5 18 واں ممبئی بین الاقوامی فلم فیسٹول آج شام اختتام پذیر ہوجائے گا۔

6 اور ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں Barbados میں Super-8 مرحلے کے اپنے پہلے میچ میں بھارت نے افغانستان کو 47 رن سے ہرا دیا۔

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM Yoga Day**

یوگ کا دسواں بین الاقوامی دن آج پورے ملک میں منایا جارہا ہے۔ بڑی تقریب جموں کشمیر میں سری نگر کے شیرِ کشمیر انٹرنیشنل کانفرنس سینٹر میں ہوئی۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے سری نگر سے تقریبات کی قیادت کی۔

جموں کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا، مرکزی وزیر پرتاپ راؤ گنپت راؤ جادھو اور کئی دیگر سرکردہ لوگوں نے اِس پروگرام میں شرکت کی۔ دنیا کے دیگر ملکوں میں بھی سفارتخانے اور بھارتی مشن تقریبات کا اہتمام کررہے ہیں جس سے یوگ کے وسیع اثر کی عکاسی ہوتی ہے۔

اِس سال اِس دن کا موضوع ہے ”خود کیلئے اور معاشرے کیلئے یوگ“۔

اِس میں انفرادی تندرستی اور معاشرے میں ہم آہنگی کو فروغ دینے میں یوگ کے اہم رول پر زور دیا گیا ہے۔

اِس تقریب کا مقصد یوگاسن کیلئے تندرستی اور صحت کو فروغ دینے کے پیغام کے ساتھ ہزاروں شرکاء کو یکجا کرنا ہے۔ اِس موقعے پر وزیر اعظم نریندر مودی نے لوگوں سے خطاب کیا اور

جسمانی، ذہبنی اور روحانی نشونما کو تقویت پہنچانے کی خاطر یوگ کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے یوگ کے مشترکہ Protocol پروگرام میں حصہ لیا۔

اِس موقعے پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم نے دنیا بھر میں اُن لوگوں کو مبارکباد پیش کی جنہوں نے تقریبات کے تحت یوگاسن کئے۔ جناب مودی نے یوگاسن کرنے کے فائدوں پر بھی زور دیا۔ جناب مودی نے کہا کہ دنیا بھر میں یوگاسن کرنے والے لوگوں کی تعداد میں لگاتار اضافہ ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں نے خود کو یوگ کیلئے وقف کردیا ہے کیونکہ اِس سے مثبت توانائی ملتی ہے۔

جناب مودی نے اِس بات کا تذکرہ کیا کہ 2015 میں جب یوگ کے بین الاقوامی دن کو تسلیم کیا گیا تھا تو 177 ملکوں نے یہ دن منانے کی بھارت کی تجویز کی حمایت کی تھی۔ جناب مودی نے ترکمانستان میں روایتی طریقہئ علاج اور یوگ مرکز شروع کئے جانے کا بھی ذکر کیا۔

وزیر اعظم نے سبھی گرام پردھانوں کو ایک مراسلہ بھیجا ہے تاکہ دیہی علاقوں میں سب سے نچلی سطح پر بھی لوگ اِس میں شامل ہوسکیں اور یوگ کے پیغام کی تشہیر کی جاسکے۔

## Yoga Day-India

پورے ملک سے یوگ کے بین الاقوامی دن کی تقریبات کی اطلاعات موصول ہورہی ہیں۔

جموں کشمیر کے آر ایس پورہ سیکٹر میں بین الاقوامی سرحد کی چوکی پر BSF کے افسروں اور جوانوں نے یوگاسن کئے جبکہ لداخ کے لیہہ میں کرنل سونم وانگ چُک اسٹیڈیم میں بھارتی فوج کے جوانوں نے بھی یوگ کیا۔ لداخ میں Pangong Tso جھیل کے نزدیک اسکولی بچوں نے بھی یوگاسن کئے۔

دلی یونیورسٹی کے طلباء نے نارتھ کیمپس میں یوگاسن کئے۔ شمال مشرقی دلی سے BJP کے ممبر پارلیمنٹ منوج تیواری بھی دلی یونیورسٹی کے طلباء کے ساتھ یوگاسن میں شامل ہوئے۔

راجستھان میں وزیر اعلیٰ بھجن لال شرما، نائب وزیر اعلیٰ پریم چند بیروا اور ریاستی کابینہ کے دیگر وزیروں نے جے پور میں سوائی مان سنگھ اسٹیڈیم میں یوگاسن کئے۔

اترپردیش کی گورنر آنندی بین پٹیل اور وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے بھی لکھنؤ میں یوگاسن کئے۔

اتراکھنڈ میں یوگ گرو بابا رام دیو نے آچاریہ بال کرشن کے ہمراہ ہری دوار میں یوگاسن کئے۔ یوگ کے بین الاقوامی دن کی تقریب میں بچے اور کئی دیگر لوگ بھی اُن کے ساتھ شامل ہوئے۔

## Delhi Yoga Day

قومی راجدھانی دلی میں کئی وزیروں اور اہلکاروں نے تندرستی اور صحت کی اہمیت کو اجاگر کرنے کیلئے یوگاسن کئے۔

وزیر صحت جے پی نڈا نے یمنا اسپورٹس کمپلیکس میں یوگاسن کے ایک بڑے پروگرام میں شرکت کی۔ اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے وزارت کے سکریٹری سنجے Jaju کے ہمراہ لودھی گارڈن میں یوگاسن کئے۔

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے بھی دیگر سفارتکاروں کے ہمراہ یوگاسن کئے۔

نئی دلی کے Millennium پارک میں مرکزی وزیر کرن رجیجو نے یوگ کے بین الاقوامی دن کی تقریبات کی قیادت کی۔ نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر منسکھ مانڈویہ اور دلی کے لیفٹیننٹ گورنر ونئے کمار سکسینہ نے بھی یوگاسن کئے۔

اِدھر دیگر مرکزی وزیروں پرہلاد جوشی، ایچ ڈی کمارا سوامی اور بی ایل ورما نے بھی قومی راجدھانی میں الگ الگ مقامات پر یوگاسن کئے۔

فوج کے نامزد سربراہ لیفٹیننٹ جنرل اپیندر دویدی اور بھارتی بحریہ کے سربراہ ایڈمرل دنیش ترپاٹھی نے بھی آج صبح یوگاسن کئے۔

**Gujrat Yoga Day**

گجرات میں یوگ کے بین الاقوامی دن کی تقریبات 312 اہم مقامات پر منعقد کی جارہی ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**VC- Aparna Khunt**

گجرات میں ضلع بناس کانٹھا میں بھارت۔پاکستان سرحد کے نزدیک واقع Nada Bet میں یوگ کا عالمی دن منانے کے لیے ریاستی سطح کا پروگرام منعقد کیا جا رہاہے۔ وزیراعلیٰ بھوپیندر پٹیل نوجوانوں، کھیلوں اور ثقافتی سرگرمیوں کے وزیر مملکت ہرش سنگھوی اس پروگرام میں شرکت کر رہے ہیں۔ تقریباً دس ہزار افراد Nada Bet میں تقریب میں حصہ لے رہے ہیں۔ داخلہ اور امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ، احمد آباد میں ایک پبلک پارک میں جبکہ جل شکتی کے مرکزی وزیر سی آر پاٹل سورت میں یوگ کے عالمی دن کی تقریب میں شرکت کر رہے ہیں۔ یوگ کے عالمی دن کی تقریبات ریاست بھر کے 312 اہم مقامات پر منعقد کی جا رہی ہیں۔

**Kovind Yoga Day**

سابق صدر جمہوریہ رام ناتھ کووند نے کہا ہے کہ یوگ کسی مخصوص طبقے یا مذہب کے ساتھ منسلک نہیں ہے کیونکہ اِس کے پیچھے سوچ یہ ہے کہ پوری دنیا ایک کنبہ ہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے جناب کووند نے کہا ہے کہ یوگاسن لوگوں اور مختلف طبقوں کو متحد کرتا ہے اور یہ ایک ملک کو دوسرے ملک سے جوڑنے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوگ کا مطلب جسم، دماغ اور روح کی ہم آہنگی ہے۔ جناب کووند نے یوگ کے بین الاقوامی دن کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد بھی دی ہے۔

## Sri Lanka Yoga Day

سری لنکا میں یوگ کا بین الاقوامی دن تاریخی **Galle Fort** میں منایا جارہا ہے۔ بھارت کے قونصل جنرل نے **Galle** میں یونیسکو کے عالمی ورثے کے مقام پر تقریبات کیلئے انتظامات کئے ہیں۔

سری لنکا میں بھارتی ہائی کمیشن دس روزہ یوگ مہوتسو کے انعقاد کے ساتھ یوگ کا بین الاقوامی دن منا رہا ہے۔ یہ مہوتسو کَل ختم ہوجائے گا۔

## Yoga Times Square

یوگ کے دسویں بین الاقوامی دن کی تقریبات کے تحت نیو یارک شہر کے **Times Square** میں مختلف ملکوں کے تقریباً دس ہزار افراد نے یوگاسن کئے۔ نیو یارک میں بھارت کے قونصل جنرل نے ٹائمز اسکوائر الائنس کے اشتراک سے اِس تقریب کا اہتمام کیا جس میں لوگوں نے یوگ کے تئیں جوش و خروش کا مظاہرہ کیا۔

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

## Bangladesh PM Visit

بنگلہ دیش کی وزیراعظم شیخ حسینہ آج بھارت کے دو روزہ دورے پر نئی دلی پہنچیں گی۔ وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ دو طرفہ صلاح و مشورے کے علاوہ وہ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ سے ملاقات کریں گی۔ بنگلہ دیش کی وزیراعظم، وزیر خارجہ ایس۔جے شنکر سے بھی ملاقات کریں گی۔ ملک میں نئی حکومت کی تشکیل کے بعد سے یہ پہلا باہمی دورہ ہے۔ محترمہ شیخ حسینہ اُن عالمی رہنماؤں میں شامل تھیں جنھوں نے اس ماہ کے شروع میں وزیراعظم نریندر مودی اور مرکزی وزراء کی کونسل کی حلف برداری کی تقریب میں شرکت کی تھی۔**x**

## CBI UGC NET EXAM

**CBI** نے **UGC NET** امتحان کے سلسلے میں ایک کیس درج کیا ہے۔ محکمہئ تعلیم کے سکریٹری کی طرف سے موصولہ شکایت کی بنیاد پر تعزیرات ہند کی دفعہ **420** کی **B-120** شِق کے تحت نامعلوم ملزم افراد کے خلاف کیس درج کیا گیا ہے۔ **CBI** کے مطابق شکایت میں یہ الزام لگایا گیا ہے کہ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن **UGC** کو اِس طرح کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں کہ **UGC NET** امتحان میں کچھ ہیراپھیری کی گئی ہے۔

امتحان کے انعقاد سے متعلق ایجنسی نے اِس مہینے کی **18** تاریخ کو ملک کے مختلف شہروں میں دو شفٹوں میں یہ امتحان کرایا تھا۔

## Coal Block Auction

حکومت آج سے کمرشل کوئلہ بلاک کی نیلامی کے دسویں دور کا آغاز کر رہی ہے۔ اِس مرحلے کے تحت 60 بلاک کی نیلامی ہوگی۔کوئلے اور کانوں کے مرکزی وزیر جی۔کشن ریڈی حیدرآباد میں اس نیلامی کا آغازکریں گے۔

ایک بیان میں کوئلے کی وزارت نے کہا ہے کہ یہ بلاک مختلف ریاستوں اور خطوں کے اہم مقامات پر واقع ہیں اور اِن سے علاقائی اقتصادی ترقی اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں مدد ملے گی۔ کوئلے کی کانیں بہار، چھتیس گڑھ، جارکھنڈ، مدھیہ پردیش، مہاراشٹر، اوڈیشہ، تلنگانہ اور مغربی بنگال میں واقع ہیں۔ اوڈیشہ میں 16 کانوں کی نیلامی ہوگی، جس کے بعد چھتیس گڑھ اور مدھیہ پردیش میں 15 کوئلہ کانوں کا نیلامی کا عمل انجام دیا جائے گا۔

کمرشل کوئلہ بلاک کی نیلامی کا آغاز 2020 میں وزیراعظم نے کیا تھا۔ اُس کے بعد سے وزارت نے گذشتہ 9 مرحلوں کے دوران کامیابی کے ساتھ 107 کوئلہ بلاکوں کی نیلامی کی ہے۔ ملک میں 11 کمرشل کوئلہ بلاک کام کر رہے ہیں-x

## Chenab Bridge

بھارتی ریلویز نے جموں کشمیر میں دنیا کے سب سے اونچے ریلوے پل چناب برج پر 8 ریل ڈبوں والی MEMU ٹرین آزمائشی طور پر چلائی۔ اِس سے کشمیر میں Reasi سے بارہمولہ تک ریل سروس شروع کرنے کی راہ ہموار ہوگی۔

ایک بیان میں ریلوے کی وزارت نے کہا ہے کہ رام بن ضلعے میں سنگلدان اور Reasi کے درمیان 46 کلو میٹر کے سیکشن پر 40 کلو میٹر فی گھنٹے کی طرف سے یہ آزمائشی ٹرین چلائی گئی۔

## Punjab MSP Hike

پنجاب کے کسانوں نے مرکزی سرکار کی جانب سے 14 خریف فصلوں کی کم از کم امدادی قیمت میں اضافہ کئے جانے کا خیر مقدم کیا ہے۔ کسانوں کے مطابق وہ اُن کیلئے کئے گئے اِس فیصلے کے تئیں وزیر اعظم نریندر مودی کے شکر گزار ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ

### VC- Shishu Sharma Shantal

کئی فصلوں کی پیداوار کے اعتبار سے ملک میں پنجاب کی اپنی ایک الگ پہچان ہے۔ اِس تناظر میں کم از کم امدادی قیمت میں اضافہ ریاست کے کسانوں کیلئے خاص اہمیت کا حامل ہے۔ یہ کسان 14 فصلوں کی کم از کم امدادی قیمت بڑھائے جانے سے خوش ہیں اور اِس کے لئے خاص طور پر وزیر اعظم کا شکریہ ادا کررہے ہیں۔

یہ بات طے ہے کہ کم از کم امدادی قیمت بڑھائے جانے سے ریاست کے کسانوں کو اپنی زرعی پیداوار سے زیادہ آمدنی ہوسکے گی۔

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے آج ملک کے وسطی، مشرقی اور جنوبی حصوں میں گرج چمک اور بجلی کے ساتھ شدید سے بہت شدید بارش کے لیے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ آئندہ پانچ دنوں میں کیرالہ، کرناٹک، تملناڈو اور مہاراشٹر میں ایک بار پھر شدید سے بہت شدید بارش کا امکان ہے۔

گرمی کی صورتحال سے متعلق IMD نے کہا ہے کہ اگلے چار سے پانچ دنوں میں ملک کے زیادہ تر حصوں میں شدید گرمی کا امکان نہیں ہے۔ البتہ مغربی اترپردیش کے کچھ حصوں میں اس ماہ کی 23 تاریخ تک موسم گرم رہے گاx

## Delhi Heat Deaths

دلی میں جاری شدید گرمی کے سبب، گذشتہ 24گھنٹے میں لُو لگنے سے صفدر جنگ اسپتال میں دو افراد کی موت ہوگئی۔ اسپتال کے عہدیداران کے مطابق کَل لُو لگنے کے سبب چھ افراد اسپتال میں داخل کیے گئے تھے۔ جن میں سے تین کی حالت نازک تھی۔ اسپتال میں سرِ دست لُو لگنے کے 47 مریض ہیں، جن میں سے 29 کی حالت نازک ہے۔

اسپتال نے کہا ہے کہ شدید گرمی شروع ہونے سے پہلے صحت خدمات فراہم کرنے والے سبھی افراد کو مناسب تربیت دی گئی تھی۔x

## MIFF Closing

18 واں ممبئی بین الاقوامی فلم فیسٹول آج شام اختتام پذیر ہوجائے گا۔ سات روزہ فلم فیسٹول اِس مہینے کی 15 تاریخ کو شروع ہوا تھا۔ اِس میں 61 زبانوں میں 59 ملکوں کی 314 فلمیں دکھائی گئیں۔ ممبئی کے ساتھ ساتھ دلی، کولکاتہ، پُنے اور چنئی میں بھی فلمیں دکھانے کا بندوبست کیا گیا تاکہ ملک کے دیگر حصوں میں بھی اِس فیسٹول کو وسعت دی جاسکے۔ یہ فلم فیسٹول دو سال میں ایک بار ہوتا ہے اور یہ خاص طور پر دستاویزی فلموں، مختصر فلموں اور Animation فلموں کیلئے مخصوص ہے۔

## T-20 World Cup

مردوں کے ٹی-ٹوئینٹی عالمی کپ کرکٹ میں کل Barbados کے Bridgetown میں Kensington Oval میں سپر 8 مرحلے کے تحت بھارت نے افغانستان کو 47 رن سے ہرا دیا۔ بھارت نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے افغانستان کی جیت کے لیے 182 رن کا نشانہ دیا تھا، لیکن افغانستان کی ٹیم 134 رن پر ہی آل آؤٹ ہوگئی۔ افغانستان کے لیے عظمت اللہ عمر زئی نے سب سے زیادہ 26 رن بنائے۔ بھارت کے لئے جسپریت بُمرا نے تین وکٹ حاصل کیے۔

اِس سے پہلے بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا اور مقررہ 20 اوورس میں 8 وکٹ کے نقصان پر 181 رن بنائے۔

بھارت کے لیے سوریہ کمار یادو نے 28 گیندوں میں شاندار 53 رن بنائے۔ انھیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ افغانستان کے لیے راشد خان نے تین وکٹ لیے۔

سُپر 8 مرحلے کے تحت آج دو مقابلے کھیلے جائیں گے۔ پہلا میچ Antigua میں آسٹریلیا اور بنگلہ دیش کے درمیان کھیلا جا رہا ہے۔ دوسرا میچ St Lucia میں انگلینڈ اور جنوبی افریقہ کے درمیان رات آٹھ بجے سے کھیلا جائے گا۔x

## Israel Hezbollah

اسرائیل نے کل ایک فضائی حملے میں Hezbollah کے ایک سینئر کمانڈر کی ہلاکت کی تصدیق کی ہے۔فضل ابراہیم، Deir Kifa علاقے میں ہلاک ہوگیا۔ لبنان کی میڈیا خبروں میں ایک جلتی ہوئی گاڑی کی تصویریں دکھائی گئی تھیں۔ اسرائیل کے لڑاکا جیٹ طیاروں نے جنوبی لبنان کے Rihan گاؤں میں Hezbollah کے زمین سے فضا میں وار کرنے والے میزائل لانچر کو بھی تباہ کردیا۔

اس کے جواب میں Hezbollah نے درجنوں راکٹ داغے۔ کسی جانی نقصان کی خبر نہیں ہے۔

7 اکتوبر کے بعد سے Hezbollah کے حملے میں 10 شہری اور 15 فوجی ہلاک ہوئے ہیں۔

اسرائیلی حکام Hezbollah کو غیر مسلح کرنے اور اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی قرار داد 1701 کے مطابق اُسے جنوبی لبنان سے ہٹانے پر زور دے رہے ہیں۔ اِس قرارداد کے تحت 2006 میں دوسری لبنانی جنگ ختم ہوگئی تھی۔x

## Telangana Coal Minister

کوئلے کے محکمے کے مرکزی وزیر جی۔کشن ریڈی کا کَل شام حیدرآباد کے Begumpet ہوائی اڈے پر تلنگانہ کے BJP حامیوں نے زبردست استقبال کیا۔ جی۔کشن ریڈی کوئلے کے محکمے کے مرکزی وزیر کا عہدہ سنبھالنے کے بعد پہلی مرتبہ ایک خصوصی پرواز سے حیدرآباد پہنچے تھے۔ Begumpet ہوائی اڈے سے تلنگانہ میں BJP کے ریاستی دفتر تک ایک ریلی بھی نکالی گئی۔x

یہ تھی خبریں

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ -ارجمند

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

اخبار پرتاپ نے وزیراعظم کے اس بیان کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے کہ "جموں کشمیر مکمل ریاست جلد بنے گا، اسمبلی چناؤ ہوں گے، وزیراعظم نے تین ہزار 200 کروڑ روپئے کے پروجیکٹوں کا تحفہ دیا۔ اخبار ہندوستان ایکسپریس کی ایک سرخی ہے امریکی وفد نے بھارت میں انتخابی عمل میں شفافیت کو سراہا۔ اس کے علاوہ اخبارات بنگلہ دیش کی وزیراعظم شیخ حسینہ کے آج بھارت دورے کے خبر کو پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔ اخبار ملاپ کی ایک نمایاں سرخی ہے:انڈونیشیا کے صدر نے وزیراعظم سے اسٹریٹیجک شراکت داری کو مضبوط بنانے پر بات کی۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا لکھتا ہے: ایکسائز پالیسی معاملہ میں اروند کیجریوال کو ملی ضمانت۔ اخبار انقلاب نے بھی اس خبر کو اہمیت دی ہے۔ اسی اخبار کی ایک اور سرخی ہے ملک میں گرمی کا قہر، تین ماہ میں 40 ہزار افراد اسپتال میں داخل کیے گئے۔ تمل ناڈو میں زہریلی شراب سے 37 افراد کی موت کی خبر بھی سبھی اخباروں میں ہے۔

اخبارات کی دیگر اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

حزب اللہ سے نمٹنے کیلئے سبھی متبادل موجود،اسرائیلی فوج کا بیان

دوران حج جاں بحق ہونے والے حاجیوں کی تعداد تقریباً ایک ہزار تک پہنچ گئی۔

کنیڈا نے ایرانی پاسداران انقلاب کو دہشت گرد قرار دیا۔

غزہ میں صرف 50 یرغمال زندہ بچے ہیں، امریکی اہلکار کا انکشاف۔

-----------------------------------

آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1 آج دنیا بھر میں یوگ کا دسواں بین الاقوامی دن منایا جارہا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے جموں کشمیر میں سری نگر سے تقریبات کی قیادت کی۔

2 بنگلہ دیش کی وزیر اعظم شیخ حسینہ بھارت کے دو دن کے دورے پر آج نئی دلی پہنچ رہی ہیں۔

3 CBI نے UGC NET امتحان کے سلسلے میں کیس درج کیا ہے۔

4 سرکار کمرشل کوئلہ کانوں کی نیلامی کا دسواں مرحلہ آج سے شروع کررہی ہے۔

5 18 واں ممبئی بین الاقوامی فلم فیسٹول آج شام اختتام پذیر ہوجائے گا۔

6 اور ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں Barbados میں Super-8 مرحلے کے اپنے پہلے میچ میں بھارت نے افغانستان کو 47 رن سے ہرا دیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

--------------------------